تحفۂ صفات

حضرت مسعودِ ملّت

مرتبہ

محمد عبدالستار طاہر

ادارۂ مظہر اسلام ◎ لاہور

Marfat.com

تخصصاتِ

حضرت مسعودِ ملت

مرتبہ
محمد عبدالستار طاہری

ادارہ مظہرِ اسلام ⊙ لاہور

Marfat.com

سلسلہ اشاعت نمبر ۲

بغیر اجازت شائع نہ کریں

نام کتاب	———— تخصصات حضرت مسعود ملت
مرتب	———— محمد عبدالستار طاہر
ناشر	———— ادارہ مظہر اسلام۔ لاہور
ضخامت	———— ۷۳ صفحات
تعداد	———— گیارہ سو
اشاعت	———— ذوالحج ۱۴۱۴ھ/جون ۱۹۹۴ء
کمپوزنگ	———— ٹائپو گرافکس۔ مچھلی منڈی' لاہور
مطبع	————
ہدیہ	———— بیرون جات کے حضرات -/۱۰ روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کر کے طلب کریں

—— ملنے کا پتہ ——

ادارہ مظہر اسلام

۴۴/۳ نئی آبادی' مجاہد آباد' مغلپورہ' لاہور

پوسٹ کوڈ نمبر ۵۴۸۴۰

مدینۃ العلم دار العلوم مجددیہ
نور آباد - فتح گڑھ - سیالکوٹ

Marfat.com

مسعودِ ملت

(علامہ بدر القادری، ڈائریکٹر اسلامک اکیڈمی، ہیگ، ہالینڈ)

آ رہا ہے لبِ خامہ پہ بیانِ مسعود
دل ہوا آج مرا مائل شانِ مسعود

عظمتِ دین نبی شوکتِ تاریخ سلف
ہے وسیع اور گراں مایہ جہانِ مسعود

ریت کے ڈھیر سے چن چن کے نکالے موتی
بنی "تاریخ رضا" گوہر کانِ مسعود

جب بھی تاریخ رضا لکھنے کو اٹھے گا کوئی
راہ دکھلائے گا ہر اک کو نشانِ مسعود

مفتیٔ اعظم دہلی کا مُبارک فرزند
برگزیدہ ہو جہاں میں تری جان مسعود

تو نے صیقل کیا آئینہ رضویت کو
شک شکن، ریب ربا تیرا بیانِ مسعود

کاش ملت کے جوانوں کا بنے سنگِ میل
بدرؔ عمل گاہ میں ہر نقش و نشانِ مسعود

۲۹ جون ۱۹۹۳ء

ہالینڈ

Marfat.com

(بحضور مسعودِ ملت ڈاکٹر پروفیسر محمّد مسعود احمد نقشبندی مجدّدی مدظلہ العالی)

(پروفیسر فیاض احمد خاں کاوش، صدر شعبۂ اردو، ایس اے ایل گورنمنٹ ڈگری کالج،
(میرپور خاص، سندھ)

حضرت مسعودِ ملّت، افتخارِ سُنیّت
پیکرِ حُسنِ عمل، سرمایۂ روحانیت
شخصیّت ہے آپ کی علمِ طریقت کی کتاب
آپ ہیں گویا دبستانِ شریعت کا نصاب
آپ ہیں علم تصوف کے وہ بحرِ بیکراں
آپ سے ہے نقشبندی فیض کا دریا رواں
آپ کا سایہ مریدوں پر ہے گویا سائباں
آپ کی محفل میں ہوتا ہے بہاروں کا سماں
آپ ہیں اسرارِ علمِ معرفت کے رازدار
آپ کے طرزِ طریقت کا شریعت پر مدار
آپ کی تلقین ہے اک جادۂ منزل نشاں
آپ کی تبلیغ ہے اک دفترِ حُسنِ بیاں
بارشِ نُورانیت ہم پر یونہی دائم رہے
آپ کی شفقت، محبت تا ابد قائم رہے
شیخ احمد کے گلستاں کے گُلِ تر آپ ہیں
کاوشِ خستہ کو غم کیا، بندہ پرور آپ ہیں

مشمولات

۱۔ حرفِ آغاز

۲۔ تقدیم مولانا جاوید اقبال مظہری

۳۔ اختصاص قرآن حکیم

۴۔ اختصاص سیرت پاک علیہ الصلوٰۃ والسّلام

۵۔ اختصاص حضرت مجدّد الف ثانی نوّر اللہ مرقدہ'

۶۔ اختصاص میر سیّد علی قادری غمگین دہلوی علیہ الرحمہ

۷۔ اختصاص امام احمد رضا قدّس سرّہ' العزیز

۸۔ اختصاص مفتیِ اعظم شاہ محمّد مظہراللہ نقشبندی مجدّدی دہلوی علیہ الرحمہ

Marfat.com

حرفِ آغاز

اللہ تبارک و تعالیٰ جل و مجدہ کا بڑا عظیم احسان ہے کہ اس نے اپنی تمام مخلوقات میں ہمیں اشرف یعنی انسان بنایا، پھر تمام اقوام میں افضل یعنی مسلمان بنایا، پھر تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سردار اور اپنے پیارے حبیب پاک علیہ التحیۃ والثناء کثیراً کثیرا کا غلام بنایا
فذلک یوتیہ من یشاء
یہ سب مولیٰ تعالیٰ کے محض فضل و کرم کے طفیل ہے و گرنہ ہم تو ایک سانس کا بھی شکر ادا نہیں کر سکتے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ احقر یہاں حضرت مسعود ملت سے اپنی گرویدگی اور وابستگی کی بھی کچھ تفصیلات پیش کردے۔ قبلہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد زید عنایتہ سے تعلق تو ان کی تحریروں کے سبب ہوا۔ سن شعور سے جب مطالعہ کی دنیا میں آیا تو ان کی تحریروں میں محبت و رافت کے دریا موجزن پائے۔ پھر تو ان کی تحریروں کی جستجو رہنے لگی۔ جہاں کہیں سے ان کی تحریر ملنے کی آس ہوئی محصول کی کوشش کی۔

ان کے نام کے ساتھ لفظ "پرنسپل" پڑھا تو خیال یہ آیا کہ کوئی سوٹڈ بوٹڈ ٹائی بردار شخص ہوگا۔ میرا ذوق و شوق دیکھ کر علامہ اختر شاجہان پوری علیہ الرحمہ (م۔ ۲۸ جمادی الآخر ۱۴۱۴ھ / ۱۳ نومبر ۱۹۹۳ء) مسکرائے اور دریافت کیا "کہیں مرید ہو؟" میں نے کہا کہ "نہیں، ہر طرف تو اب دکان داریاں ہیں لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہے"۔۔۔ فرمانے لگے۔ "اور سب سے بڑھ کر ایمان کی دولت پر بڑے مکر و فریب سے ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے۔ اس لئے اس کی حفاظت سب سے ضروری ہے"۔ میں نے کہا "بجا فرمایا، یہی دیکھ کر تو میں سرکار غوث پاک رحمتہ اللہ علیہ کی ارادت مندوں میں شامل ہوا ہوں"۔ کہنے لگے "وہ کیسے؟" میں نے عرض کیا "حضرت اوائل عمری سے سرکار غوث الاعظم حضرت شیخ سید عبد القادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا والہ و شیدا ہے۔ ان کے خوارق و کرامات اور حیران کن حالات سے بڑا متاثر ہوں۔ کچھ پڑھا بھی ہے، کچھ سنا بھی ہے کہ ان کی بارگاہ الٰہ میں بڑی رسائی تھی اور دل میں حسرت تھی کہ کاش سرکار غوث پاک رحمتہ اللہ علیہ کا زمانہ پاتے تو ان کے دست حق پرست پر بک جاتے اور پھر سرکار غوث پاک نے اپنے ہر مرید کی بخشش کا ذمہ لیا ہے۔۔۔ اور اس دوران کہیں مطالعہ میں یہ بھی آیا کہ کسی نے سرکار

Marfat.com

غوث پاک سے دریافت کیا کہ سرکار! اگر کوئی آپ کا زمانہ نہ پائے اور وہ آپ کا مرید بھی ہونا چاہے تو کیا کرے"؟ فرمایا "وہ بھی ہمارا مرید ہے اور اس کی بخشش ہمارے ذمہ ہے"۔ اس پر احقر غائبانہ طور پر سرکار غوث مآب کا مرید ہوا ہے"۔ یہ سب سن کر علامہ صاحب میری محبت ' ذوق و شوق اور کمال احتیاط پر خوش ہوئے اور فرمانے لگے۔ "یہ سب تو ٹھیک ہے لیکن ظاہری طور پر بھی بیعت کا اہتمام کرنا ضروری ہے"۔ میں نے کہا "مجھے تو کہیں بھی کوئی ایسا نظر نہیں آتا جس کے دامن سے لگ کر آدمی عاقبت کا سودا کر لے۔ بڑی بڑی گدیاں ہیں۔ لیکن صاحب مزار کی تعلیمات سے کھلے عام صرفِ نظر ہو رہا ہے۔ جس مقصد کے لئے عمر بھر وہ صاحب مزار سرگرم عمل رہے ' سب اس کے الٹ کیا جا رہا ہے ــــــ اب تو کیفیت یہ ہو گئی ہے کہ شیروں کا شکار گیدڑ کھا رہے ہیں" ــــــ علامہ صاحب نے کہا۔ "اب ایسا بھی نہیں کہ دنیا اللہ کے نیک بندوں سے بالکل خالی ہو جائے ــــــ میرے پیر زادے حضرت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب مدظلہ العالی ' جن کی تحریروں کے تم دیوانے ہو' ان سے مل لینا ــــــ اگر دل آواز دے تو بیعت ہو جانا۔ کم از کم وہاں دکانداری نہیں ــــــ ایمانداری ہے ــــــ غمگساری ہے ــــــ دلداری ہے ــــــ انشاء اللہ ان سے مل کے تم مایوس نہیں ہو گے ــــــ وہ جب بھی لاہور تشریف لائے تو تمہیں بتلاؤں گا۔ یہ اوائل ۸۶ء کی بات ہے۔

دریں اثناء علامہ صاحب نے بتلایا کہ حضرت مسعود ملت لاہور تشریف لا رہے ہیں۔ کچھ تحریروں سے جی مشتاق تھا ' کچھ علامہ صاحب کی باتوں سے اشتیاق تھا۔ جولائی ۱۹۸۸ء میں حضرت صاحب لاہور تشریف لائے تو ۱۳ تاریخ کو علامہ صاحب کے گھر پر رونق افروز ہوئے۔ علامہ صاحب کے ہاں زیارت کا شرف بھی حاصل ہوا اور گفتگو کا اعزاز بھی ــــــ زیارت پر "پرنسپل" کا پہلا تصور تو محو ہو گیا۔ البتہ نقش ثانی ان کی تحریروں کا بھرپور عکاس تھا۔ سفید شلوار کرتا زیب تن کئے ' سیاہ شیروانی ' سر پر سیاہ جناح کیپ ' سنہری تار والا چشمہ لگائے ' باریش ' بڑی پروقار شخصیت کہ۔

رنگ باتیں کریں اور باتوں سے خوشبو آئے

مختلف موضوعات پر بات چلتی رہی۔ علامہ صاحب سلسلہ کلام کو بڑھاتے رہے ــــــ اس وقت مرکزی مجلس امام اعظم کے صدر حاجی محمد اقبال چوہدری (جو حضرت مسعود ملت کی نگہ التفات سے صوفی اقبال ہوئے) ' سیکرٹری جنرل محمد رفیق ' فنانس سیکرٹری پرویز اقبال بٹ ' راقم

Marfat.com

السطور اور علامہ صاحب کے صاحبزادے غلام مصطفیٰ خان موجود تھے۔ نشست کے اختتام پر حاجی محمد اقبال صاحب' غلام مصطفیٰ خان اور ان کی بڑی ہمشیرہ بیعت ہوئے۔ بعد میں چھوٹے بچوں کو بھی بیعت کیا۔

اگلے روز بعد نماز مغرب ۱۴ جولائی ۱۹۸۸ء / ۲۹ ذیقعد ۱۴۰۸ھ بروز جمعرات حکیم محمد عمر قریشی مظہری علیہ الرحمہ کے دولت کدے (جہاں زیب بلاک' علامہ اقبال ٹاؤن) پر محفل میلاد تھی۔ پہلے تو نعت خوانی ہوئی اور حیرت افزا بات یہ کہ نعت خوانوں نے صرف اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی علیہ الرحمہ (۱۲۷۲ھ / ۱۸۵۶ء تا ۱۳۴۰ھ / ۱۹۲۱ء) کا ہی کلام سنایا۔ پھر حضرت مسعود ملت نے **الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون** کے موضوع پر اپنے گراں مایہ خیالات سے حاضرین کو مستفیض فرمایا۔ دورانِ خطاب حضرت مفتیٔ اعظم ہند شاہی امام مسجد فتح پوری حضرت العلامہ شاہ محمد مظہراللہ دہلوی علیہ الرحمہ (۱۳۸۶ھ / ۱۹۶۶ء) کے کمالات بیان کرتے ہوئے علامہ صاحب کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ "ان کا عدیم المثال کارنامہ بھی تو قبلہ والد محترم ہی کی کرامت ہے" ـــــ پھر واقعہ بیان فرمایا کہ "۱۹۵۷ء میں اختر صاحب ملتان میں اپنے سسرال میں جا کر انفلوائنزہ کا شکار ہو گئے۔ متواتر بیس پچیس روز مسلسل بخار آتا رہا اور تین چار روز پہلے سے یہ حالت ہو گئی تھی کہ جو بھی کھاتے پیتے' سب قے ہو جاتی۔ مرض کے آخری ایام میں علامہ صاحب کے دل میں ایک روز یہ بات جم گئی کہ اب زندگی پوری ہو چکی اور اپنے حصے کا رزق ختم ہو گیا ہے ـــــ اسی روز رات کے پچھلے پہر انہیں اپنے پیرو مرشد مفتی محمد مظہراللہ قدس سرہ العزیز کی زیارت ہوئی۔ حضرت نے انہیں تسلی دیتے ہوئے فرمایا "برخوردار! جس بات کا تمہیں خدشہ ہے' ابھی وہ وقت نہیں آیا' ابھی تو تم سے کتنے ہی کام لینے ہیں" ـــــ پھر ارشاد ہوا کہ بیدار ہونے پر اختر صاحب حیران تھے کہ میں تو کسی بھی نمایاں کام کو کرنے کا اہل نہیں ہوں' دریں حالات مجھ سے ایسے کون سے کام لئے جا سکتے ہیں؟ ـــــ اس خواب سے علامہ صاحب پر تین کرامتوں کا ظہور ہوا:۔

- بیداری پر مرض جاتا رہا
- تراجم کتب احادیث کی نوید سنائی گئی
- مرشد برحق کی زیارت سے مشرف ہوئے

بہر حال جب علامہ صاحب کے ہاتھوں دین متین کی قلمی خدمت کا سلسلہ شروع ہوا اور

Marfat.com

پاک و ہند میں امتیازی حیثیت حاصل کر گیا تو اس ارشاد کی تعبیر کھلی کہ یہی وہ کام تھے جو ان کے مرشد برحق نے ان سے لینے تھے۔

نگاہ ولی میں وہ تاثیر دیکھی
بدلتے ہزاروں کی تقدیر دیکھی

قبلہ پروفیسر صاحب کے خطاب مستطاب کے بعد علامہ صاحب نے بھی اسی موضوع پر اظہار خیال کیا۔ بعد ازاں بیعت کے خواہاں حاضر خدمت ہوئے۔ احقر کے علاوہ گنگا رام ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر خلیل الرحمٰن، ان کے صاحبزادے ڈاکٹر عامر خلیل (آئی سپیشلسٹ) اور میرے پیارے دوست برادرم جناب محمد فاروق عزمی صاحب تھے ۔۔۔ میں نے عرض کیا کہ "میں تو سلسلۂ قادریہ میں بیعت ہونا چاہتا ہوں۔ (علامہ صاحب سے معلوم ہوا تھا کہ حضرت مسعود مآب کو سلسلۂ عالیہ قادریہ میں بھی اجازت و خلافت حاصل ہے)۔ حضرت مسعود مآب نے ارشاد فرمایا "میں تو سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مظہریہ میں بیعت کرتا ہوں"۔ جی بڑا ملول ہوا پھر دفعتاً "خیال آیا کہ جو مل رہا ہے، غنیمت جان کر اس سے دامن بھر لو، شاید اس میں کوئی حکمت پنہاں ہو ۔۔۔ لپک کے آگے بڑھا اور بیعت والے رومال کو تھام لیا اور یوں حضرت مسعود ملت کے حلقۂ ارادت میں شامل ہوا اور زندگی کے ایک نئے باب 'بابِ نسبت' کا آغاز ہوا۔

جب تک بکے نہ تھے، کوئی پوچھتا نہ تھا
آپ نے خرید کر انمول کر دیا

حلقۂ ارادت میں شامل ہوا تو آپ کے حوالے سے پہچان ہونے کی خواہش مچلنے لگی اور ڈرتے ڈرتے قلم تھامنے کی کوشش کی۔

وہ آئے بزم میں اتنا تو میر ہم نے دیکھا
پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی

ہاں ایک ایسا چراغ روشن ہوا جس کی روشنی، جس کا جمالِ جہاں آراء ان تمام چراغوں سے فزوں تر تھا۔

ان دنوں میں مرکزی مجلس امام اعظم میں کام کر رہا تھا ۔۔۔ حضرت مسعود ملت کے حوالے سے تحریر کا آغاز آپ کے آثار علمی کا اشاریہ مرتب کرنے سے کیا۔ اس کی مکمل تفصیل تو احقر کی کتاب "منزل بہ منزل" (مطبوعہ انٹرنیشنل پبلی کیشنز، حیدر آباد سندھ ۱۹۹۱ء) کے پیش لفظ میں

ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔ "منزل بہ منزل" کو اشاریۂ مسعودِ ملت کہا جا سکتا ہے۔

حضرت مسعود ملت نے اپنے سفر نگارش کا آغاز ۱۹۵۱ء میں اسلام کی تعلیمات پر مبنی ایک انگریزی کتاب "ISLAM AT THE CROSS ROAD" کے ترجمہ سے کیا جس کا عنوان "اسلام دوراہے پر" تھا۔ اسے لیوپولڈ اسد نے تحریر کیا تھا۔ ترجمے کی ایک دو قسطیں شاید ماہنامہ پاسبان (الہ آباد) میں بھی شائع ہوئی تھیں --- اب یہ سلسلہ ماہ و سال کی مسافتیں طے کرتے ہوئے دسمبر ۱۹۹۳ء تک آپہنچا ہے، اس ماہ تک حضرت کی آخری تحریر بھی دین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے شارحین اور عشق رسول پر مبنی ہے یعنی علامہ محمد فیض احمد اویسی صاحب نے "حدائق بخشش" کی شرح لکھی اور عشق کی اس تفسیر پر حضرت مسعود ملت نے تقدیم رقم فرمائی اور اب جس کام میں مصروف ہیں وہ "حدائقِ بخشش" کا حسین انتخاب اور اس کی تدوین و تزئین ہے۔

حضرت زید ابوالحسن فاروقی مجددی علیہ الرحمہ (م۔ ۲ر دسمبر ۱۹۹۳ء/ ربیع الاخر ۱۴۱۴ھ) مقدمہ "القول الجلی فی ذکر آثار الولی" (مطبوعہ لاہور ۱۹۹۱ء ص ۸۹۔ ۹۰) میں رقم طراز ہیں:۔

"ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے --- اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت کرتا ہے وہ جبریل (علیہ السلام) کو بلا کر کہتا ہے۔ "مجھ کو فلاں بندے سے محبت ہے تم اس سے محبت کرو" --- چنانچہ جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام اس سے محبت فرماتے ہیں اور پھر وہ آسمانوں میں منادی کرتے ہیں کہ اللہ پاک کو فلاں سے محبت ہے، تم سب اس سے محبت کرو" --- چنانچہ آسمان والے اس سے محبت کرتے ہیں --- **ثم یوضع لہ القبول فی الارض** --- پھر زمین میں اس کے لئے مقبولیت رکھ دی جاتی ہے --- یعنی زمین پر رہنے والوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہو جاتی ہے۔ دل خود بخود اس کی طرف مائل ہوتے ہیں، سورۂ مریم کے آخر میں ہے، --- "جو یقین لائے، اور کی ہیں نیکیاں، ان کو دے گا رحمٰن محبت" --- یعنی اللہ ان سے محبت کرے گا، یا ان کے دل میں اپنی محبت پیدا کرے گا یا خلق کے دل میں ان کی محبت پیدا کرے گا --- ایسے برگزیدہ بندوں کی محبت اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں ڈالتا ہے پھر ان کے دل خود بخود اس محبوب بندے کی طرف جھکتے ہیں"۔

Marfat.com

اور آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ اقوامِ عالم میں حضرت مسعود ملت کی طرف ان گنت دل جُھک رہے ہیں۔ وہ تو ہیں ہی جوان کے حلقۂ ارادت میں ہیں، وہ بھی لپک رہے ہیں جو حلقۂ ارادت میں نہیں ہیں، مگر قدرِ مشترک صرف اور صرف محبت ہے۔ وہ محبت جس کے پس منظر میں مجاز کارفرما نہیں، وہ محبت جس کے پیش منظر میں بھی مجاز کا گزر نہیں --- اس محبت کا خمیر، اس محبت کی اساس آفاقی ہے، جو لازوال ہے، حضرت مسعود ملت نفاست، لطافت، ملاحت اور صباحت کا ایسا حسین امتزاج ہیں جنہیں بلاشبہ ملکوتی کہکشاؤں کا سنگم کہا جا سکتا ہے۔ جس طرح ان کی تحریر میں رکھ رکھاؤ ہے، جس طرح ان کی تقریر میں رچاؤ ہے --- بالکل اسی طرح ان کی تصویر میں محبت کا پھیلاؤ ہے --- وہ محبت جو ورثۂ انبیاء بھی ہے اور ترکۂ اولیاء بھی --- متاعِ اصفیاء بھی ہے اور زادِ ازکیاء بھی --- ان کی زندگی کا ایک ہی نصب العین ہے۔

میرا پیام محبت ہے جہاں تک پہنچے

اسی پیامِ محبت کی نشر و اشاعت کے لئے انہوں نے قلم و قرطاس کا ازلی رشتہ استوار کیا اور تقریباً ۲۰۔۲۵ علوم و فنون سے متعلق متنوع موضوعات پر قلم اٹھایا ہے۔ مثلاً یہ علوم و فنون:-

قرآن، تفسیر، حدیث، فقہ، تصوف، سیرت، سوانح، تاریخ، اخلاقیات، عقائد، فلسفہ، اردو شاعری، اردو مکتوب نگاری، فارسی شاعری، انشائیہ، لسانیات، تنقیدات، کتابیات، تقویم، اقتصادیات، معاشیات، سیاسیات، فلکیات، نفسیات وغیرہ وغیرہ۔

جس سمت آگئے ہو سکے جما دیئے ہیں

آپ کسی موضوع پر حضرت مسعود ملت کی کوئی بھی تحریر اٹھا کر دیکھ لیں۔ بارگاہِ ربوبیت ہو یا بارگاہِ رسالت، یا بارگاہِ ولایت --- ادب و احترام کا جو سلیقہ، جو قرینہ ان کے ہاں پایا جاتا ہے، انہی کے لئے خاص ہو کے رہ گیا ہے۔ بلکہ یوں کہئے کہ حضرت مسعود ملت ادب کی علامت ہیں۔

حضرت مسعود ملت نے بعض موضوعات پر تخصص حاصل کیا اور کام کو بہت آگے بڑھایا۔ قرآن کریم کے اردو تراجم و تفاسیر سے متعلق مقالہ ڈاکٹریٹ اور حضرت محمد الرسول صلی اللہ علی وآلہ وسلم کی سیرت پاک کے علاوہ مندرجہ ذیل شخصیات کے حالات، افکار اور علمی خدمات پر سیر حاصل لکھا ہے:-

- حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ
- میر سید علی غمگین شاہجہان آبادی علیہ الرحمہ

Marfat.com

○ امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمہ

○ مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ

پیش نظر کتاب میں مندرجہ بالا تخصصات کو ذرا تفصیل سے بیان کیا جا رہا ہے۔ اسے بلاشبہ "اشاریۂ تخصصات" کہا جا سکتا ہے۔ مطالعہ پر یقیناً زبان حال کہہ اٹھے گی۔

دُنیا! ترے قرطاس پہ کیا چھوڑ گئے ہم
اک حُسن بیان، حُسن ادا چھوڑ گئے ہم
ماحول کی ظلمات میں جس راہ سے گزرے
قندیلِ محبت کی ضیاء چھوڑ گئے ہم

آج میں جہاں کھڑا ہوں بلاشبہ حضرت مسعود ملت کی نگہ التفات اور خصوصی عنایات کے طفیل ہے۔ ہر آنے والا دن ان کے کرم کی بارش سے خوب نواز رہا ہے۔ اور میری خوش قسمتی ہے کہ مجھے لوگ حضرت مسعود ملت کے حوالے سے جانتے ہیں خواہ اندرون ملک کے احباب ہوں یا بیرون ملک کے واقفانِ حال --- حضرت مسعود ملت کے حوالے سے جب بھی اور جہاں بھی کام کی بات ہوگی، اس خاکسار کا نام بھی ضرور آئے گا۔ اور یہ خود ستائشی نہیں بلکہ تحدیثِ نعمت ہے اور میرے ولیٔ نعمت کی توجہات کا صدقہ، میرے مرشدی و مولائی کی کمال شفقت کا ثمرہ، وگرنہ من آنم کہ من دانم۔

اس تحریر کا مقصد وحید بارگاہ مسعود مآب میں خراج تحسین پیش کرنا ہے۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

احقر تمام معاونین کا ممنون ہے بالخصوص برادرم ملک محمد سعید مسعودی صاحب کا، جو ادارۂ مظہر اسلام کے روحِ رواں ہیں اور جن کی محبت اور اخلاص اور پیہم کوششوں کے باعث احقر کی مساعی منظر عام پر آسکیں۔

مولیٰ تعالیٰ احقر کی اس مخلصانہ کوشش کو اپنے حبیب پاک علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے طفیل مقبول و مشکور فرمائے۔ اور دارین میں احقر کے لئے سندِ نجات بنائے۔ اللھم ربنا آمین۔ بجاہ سید المرسلین والحمد للہ رب العلمین

۳ رجب المرجب ۱۴۱۴ھ
۱۷ دسمبر ۱۹۹۳ء بروز جمعۃ المبارک

معرفت
ماڈرن پلاسٹک سٹور
A/۱۱۱-E- پیر کالونی- والٹن
لاہور کینٹ- کوڈ نمبر ۵۴۸۱۰

خاکپائے صاحبدلاں
محمد عبد الستار طاہر

تقدیم

باسمہٖ تعالیٰ

حضرت مسعود ملت علم و آگہی کے ایسے سمند رہیں کہ جس میں غوطہ زن ہونے والے بھی علم و آگہی کے موتیوں سے لبریز نظر آتے ہیں۔ برادرم محمد عبدالستار طاہر صاحب اپنے پیرو مرشد حضرت مسعود ملت کی محبت میں غرق ہو کر علم و عرفان کے موتیوں کو تلاش کرتے ہیں اور اس کو سینہ قرطاس کی زینت بنا کر اہل علم کے سامنے پیش کرتے ہیں' آپ کے شب و روز اپنے مرشد کریم کی علمی و تحقیقی خدمات کو تلاش کرنے اور اس کو مرتب کرنے میں صرف ہوتے ہیں۔ ایک مرتبہ احقر نے حضرت مسعود ملت سے عرض کیا "ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اللہ سبحان و تعالیٰ نے برادرم عبدالستار طاہر صاحب کو آپ پر تحقیق کے لئے پیدا فرمایا ہے" یہ سن کر حضرت مسعود ملت نے تبسم فرمایا۔

بلاشبہ برادرم محمد عبدالستار طاہر صاحب کے لئے اپنے مرشد کریم کی یہ خدمت ایک بڑا اعزاز ہے۔ حضرت مسعود ملت کی سوانح پر اب تک پاک و ہند میں تقریباً ۲۰ کتب و مقالات شائع ہو چکے ہیں۔ جنہیں "تذکار مسعود ملت" کے عنوان سے موصوف مرتب کر چکے ہیں۔ برادرم محمد عبدالستار طاہر صاحب نے حضرت مسعود ملت پر دیگر سوانحی کتب و مقالات رقم فرمائے ہیں۔ ان میں۔

- ☆ منزل بہ منزل (مطبوعہ انٹرنیشنل پبلی کیشنز' حیدر آباد' سندھ)
- ☆ افاضات مسعودی (غیر مطبوعہ)
- ☆ حضرت مسعود ملت اور رضویات (مطبوعہ مئی ۱۹۹۴ء رضا اکیڈمی' لاہور)
- ☆ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد کے نام چوہدری عبدالعزیز کے خطوط (غیر مطبوعہ)
- ☆ آئینہ رضویات جلد دوم (مطبوعہ ۱۹۹۳ء ادارہ تحقیقات امام احمد رضا' کراچی)
- ☆ امام احمد رضا پر تحقیق کا آغاز اور ارتقا ـــــ حضرت کے نام مکتوبات کے آئینے میں (غیر مطبوعہ)

وغیرہ شامل ہیں۔ ایک بسیط سوانح "آئینہ ایام" کے نام سے زیر تدوین ہے۔ جس میں مختلف قلمکار شریک ہیں مگر برادرم محمد عبدالستار طاہر نے اس کے زیادہ تر ابواب مرتب کئے ہیں یہ سوانح ۵۰۰ صفحات سے زیادہ ہوگی (انشاء اللہ)۔ برادرم محمد عبدالستار طاہر صاحب نے اپنے

Marfat.com

مرشد کریم کے سمندر علم سے کچھ اور قیمتی موتی تلاش کئے ہیں اور ان موتیوں کو" تخصصات حضرت مسعود ملت" کے حسین و جمیل گجروں کی صورت میں مرتب فرمایا ہے۔ فاضل مؤلف نے اس کتاب کو جن عنوانات سے سنوارا ہے اس کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ آپ نے کس قدر محنت کے ساتھ اس قیمتی علمی اثاثے کو صفحہ قرطاس کی زینت بنایا ہے۔ بلاشبہ یہ کتاب " تخصصات حضرت مسعود ملت" کے علمی سفر کے مستند مآخذ کے طور پر سامنے آئی ہے۔ فاضل مؤلف نے اس کتاب کو:۔

☆ اختصاص قرآن حکیم

☆ اختصاص سیرت پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام

☆ اختصاص حضرت مجدد الف ثانی نور اللہ مرقدہٗ

☆ اختصاص میر سید علی قادری غمگین دہلوی علیہ الرحمہ

☆ اختصاص امام احمد رضا قدس سرہ العزیز اور

☆ اختصاص مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ نقشبندی مجددی دہلوی علیہ الرحمہ سے مزین فرمایا ہے۔

فاضل مؤلف نے یہ تحقیقی کتاب مرتب فرما کر ایک عظیم کارنامہ سرانجام دیا ہے بلکہ عشق و محبت، علم و فضل، عرفان و آگہی اور نور و نکہت کی تاریخ رقم کی ہے۔ یوں تو ساری دنیا حضرت مسعود ملت کی علمی و روحانی قدر و منزلت کی معترف ہے تاہم فاضل مؤلف کی اس کوشش سے ساری دُنیا کے اہل علم کو حضرت مسعود ملت کی شخصیت کے بارے میں مزید معلومات حاصل ہوں گی بالخصوص "عندلیبانِ باغ مسعودیہ مظہریہ" بھی فیض یاب ہوں گے۔ حضرت مسعود ملت کے حوالے سے برادرم محمد عبدالستار طاہر صاحب کی اب تک کی خدمات اور آئندہ کے عزائم کو دیکھتے ہوئے یہ بات بجا طور پر کہی جا سکتی ہے کہ برادرم محمد عبدالستار طاہر صاب کی شخصیت در حقیقت "ادارۂ تحقیقاتِ حضرت مسعودِ ملت" ہے۔

مولیٰ تعالیٰ فاضل مؤلف برادرم محمد عبدالستار طاہر صاحب کی اس دینی و علمی خدمت کو قبول فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کے وجود کو الفتِ مرشد سے آباد رکھے تاکہ اس الفت و محبت کی بدولت سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا کامل عشق حاصل ہو۔ آمین!

ہر کہ عشق مصطفیٰ سامان اوست

Marfat.com

بحر بر در گوشہ دامان اوست

۱۱رمضان المبارک ۱۴۱۴ھ
۲۲فروری ۱۹۹۴ء

احقر العباد
جاوید اقبال مظہری نقشبندی مجددی
نائب صدر
☆ ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا، کراچی

اختصاص

قُرآنِ حکیم

۱۹۶۱ء تا ۱۹۹۴ء/ ۱۴۱۴ھ

Marfat.com

نقش قرآن تادریں عالم نشست
نقش ہائے کاہن وپا پا شکست
فاش گویم آنچہ دردل مضمر است
ایں کتابے نیست چیزے دیگر است

قرآن حکیم یوں تو ہر مسلمان کی جان و ایمان ہے اور ہر مسلمان کے دین کی اساس بھی، لیکن حضرت مسعود ملت کے خاندانی اکابر کا محور فکر ہی قرآنِ کریم اور صاحبِ قرآن کی تعلیماتِ عالیہ رہا۔ انہوں نے جس ماحول میں آنکھ کھولی، فضائے بسیط میں اسی صحیفۂ محبت و اطاعتِ رسول کریم علیہ التحیہ والتسلیم کے گل ہائے رنگا رنگ اپنی عجب بہار دکھلا رہے تھے، نغماتِ الٰہیہ کی گونج تھی اور ارشاداتِ ربانی کی باز گشت، جو اس نابغۂ روزگار کی سیرت و کردار کی تعمیر کر رہی تھی۔

قرآنِ حکیم سے خاندانِ مظہری کا تعلق:۔ خاندانِ مظہری کو قرآن حکیم سے جو خاص تعلق اور نسبت ہے، آیئے آپ کو اس کی ایک جھلک دکھلائیں۔

☆ حضرت مسعود ملت کے والد ماجد مفتی اعظم شاہ محمد مظہراللہ علیہ الرحمہ کی ننھیال ریاست **جھجھر** (بھارت) کے مشہور و معروف "خاندانِ **حافظاں**" سے تعلق رکھتی تھی۔۔۔ اور دودھیال علماء و مشائخ کے گھرانے سے تعلق رکھتی تھی۔

☆ حضرت مسعود ملت کے والد ماجد متبحّر عالم اور جلیل القدر عارف بھی تھے اور بے مثل قاری و حافظ بھی ۔۔۔ مسجد جامع فتح پوری دہلی کے شاہی امام تھے۔ جہری نمازوں میں قرأت سننے کے لئے دور دور سے نمازی آتے تھے ۔۔۔ جو ایک بار قرأت سن لیتا پھر کبھی نہ بھولتا۔ صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان کے لوگوں کو بھی وہ سنہری قرأت اب تک یاد ہے۔

☆ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کے فیض سے بہت سے طلباء حفظ قرآن

Marfat.com

کی دولت سے مالا مال ہوئے۔

☆ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ نے قرآن حکیم کا ترجمہ بھی کیا تھا جو تقریباً نصف صدی قبل دہلی سے شائع ہوا تھا --- اب ضیاء القرآن پبلی کیشنز' لاہور اس ترجمہ کو چھاپنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

☆ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کے صاحبزادگان میں تین صاحبزادگان اور ایک فرزند نسبتی علم و فضل کے ساتھ حافظ و قاری بھی تھے۔ ان کے فیض سے سینکڑوں طلباء قرآن اور حفظ قرآن و قرأت کی دولت سے مالا مال ہوئے۔

☆ اس وقت پاک و ہند میں حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کے تقریباً دس پوتے علوم جدیدہ و قدیمہ سے آراستہ ہونے کے ساتھ ساتھ حافظ قرآن اور قاری بھی ہیں۔ ایک پوتے قاری حافظ محمد ظفر احمد صاحب (ابن علامہ مفتی محمد مظفر احمد علیہ الرحمہ) تو ملک کے مایہ ناز قاری ہیں۔ کنزالایمان کے ترجمہ قرآن کے ساتھ پورے قرآن حکیم کی انہوں نے تلاوت فرمائی جو کیسٹوں میں محفوظ ہے۔ مولانا حمزہ علی قادری نے نہایت ہی رواں ترجمہ پڑھا ہے۔

قرآنِ حکیم سے حضرت مسعودِ ملت کا تعلق:۔

☆ حضرت مسعود ملت نے پورا قرآن حکیم حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ سے پڑھنے کی سعادت حاصل کی۔

☆ درس نظامیہ میں تعلیم کے دوران قرآن حکیم کا ترجمہ و تفسیر وغیرہ پڑھا۔ مگر باقاعدہ مطالعہ کا آغاز اس وقت ہوا جب ۱۹۶۱ء میں قرآن کریم کے اردو تراجم و تفاسیر پر تحقیق شروع کی۔

☆ آپ کے استاد محترم پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب نے ڈاکٹریٹ کے لئے یہ عنوان تجویز کیا۔

"اردو میں قرآنی تراجم و تفاسیر --- ایک تاریخی جائزہ"

Marfat.com

۱۹۶۱ء میں بی۔ فل میں رجسٹریشن ہوا۔ اس سلسلے میں حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کو مطلع کیا گیا تو جواباً فرمایا:

"جو موضوع تم نے منتخب کیا ہے اس میں دینی خدمت نظر نہیں آتی' قرآن حکیم کی ایسی خدمت اگر کرتے تو بہتر ہوتا جس میں تبلیغی جھلک ہوتی" (۱)--- (ستمبر ۱۹۵۸ء از دہلی)

تقریباً دو سال بعد کتابیات اور خاکہ مرتب کر لیا تو ۱۹۶۳ء میں اس تحقیق کے لئے بی۔ فل سے ڈی۔ فل میں تحقیق کی اجازت دی گئی۔ ۱۹۶۴ء میں تحقیق کو آگے بڑھایا تو پاکستان' ہندوستان اور انگلستان کے ۶۱ کتب خانوں سے بلا واسطہ اور بالواسطہ استفادہ کیا گیا اور ۱۹۶۵ء تک تسوید کا کام ختم ہوگیا یکم اکتوبر ۱۹۶۵ء سے تبییض کا کام شروع ہوا جو جنوری ۱۹۶۶ء میں ختم ہوا --- اس تحقیق کے دوران مجموعی طور پر ۶۰۰ کتب زیر مطالعہ آئیں۔ جن میں ۳۹۰ تفسیر قرآن پر' ۱۰۰ کتب ترجمۂ قرآن اور ۱۱۰ دوسری کتب شامل تھیں --- ۱۹۷۰ء میں مزید تحقیق کے بعد مقالہ پیش کیا جو فل اسکیپ سائز کے ٹائپ شدہ ۸۲۶ صفحات سے بڑھ کر تقریباً ایک ہزار صفحات تک پہنچ گیا۔ سندھ یونیورسٹی' حیدر آباد سندھ سے اس مقالے پر پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری ملی۔

مقالۂ ڈاکٹریٹ کی ترتیب اس طرح سے ہے:۔

○ پیش لفظ اور فہرست وغیرہ کے بعد مقدمہ ہے جس میں قرآن کریم کی حقانیت اور صداقت کو ظاہر کیا گیا ہے اور قرآن عظیم سے متعلق تمام تراجم و تفاسیر کا بالاستیعاب جائزہ لیا گیا ہے۔ اس کے بعد اصل مقالہ شروع ہوتا ہے۔

○ پہلا باب دسویں اور گیارہویں صدی کی تفاسیر پر مشتمل ہے --- تفسیر سے مقالہ کا آغاز اس لئے کیا گیا کہ فارسی اور عربی کی طرح اردو میں بھی علوم قرآنیہ کا آغاز خالص ترجموں سے نہیں بلکہ جزوی اور کامل تفاسیر سے ہوا ہے۔ ابتدائی تفاسیر میں بعض کو تشریحی تراجم کہا جا سکتا ہے۔ مگر چونکہ مولف نے ان کو تفاسیر سے تعبیر کیا ہے اس لئے اس مقالہ میں بھی ان کو

Marfat.com

تفاسیر کے تحت شامل کیا ہے۔

○ دوسرے باب میں بارہویں صدی ہجری کی تفاسیر کا جائزہ لیا گیا ہے۔ یہ تمام تفاسیر شاہ عبدالقادر علیہ الرحمہ کی "موضح قرآن" (۱۲۰۵ھ) سے پہلے لکھی گئی ہیں۔

○ تیسرے باب میں تیرہویں صدی ہجری کی تفاسیر کا جائزہ لیا ہے۔

○ چوتھے باب میں چودہویں صدی ہجری کی تفاسیر کو شامل کیا ہے۔ چونکہ یہ باب طویل ہو رہا تھا' اس لئے اس میں صرف ۱۳۰۱ھ تا ۱۳۴۰ھ کی تفاسیر کا ذکر کیا ہے۔

○ پانچویں باب میں ۱۳۴۱ھ سے ۱۳۸۵ھ کی تفاسیر کا جائزہ لیا گیا ہے۔

○ چھٹے باب میں مختلف مکاتیب فکر اور ان کی تفاسیر کا جائزہ لیا ہے۔

○ ساتویں باب میں عصر جدید کے مفسرین اور ان کے مفسرانہ اور ادیبانہ رنگ کو بیان کیا گیا ہے۔

○ آٹھویں باب میں تیرہویں ہجری کے خالص اور مکمل ترجموں کا جائزہ لیا ہے۔ (اس صدی میں بعض تراجم تفاسیر کے ساتھ بھی ہوئے ہیں)

○ نویں باب میں چودہویں صدی ہجری کے تراجم کا جائزہ لیا گیا ہے۔

○ آخر میں ان کتب خانوں کی ایک فہرست دے دی گئی ہے جہاں سے دوران تحقیق بلا واسطہ یا بالواسطہ استفادہ کیا گیا۔

○ اس کے بعد کتابیات کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حروف تہجی کی ترتیب سے تفاسیر کی فہرست دی ہے۔ پھر تراجم کی۔ ان تفاسیر و تراجم میں وہ تفسیریں اور ترجمے بھی شامل کر لئے گئے ہیں۔ جو دوران تحقیق علم میں آگئے لیکن موانعات اور دشواریوں کی وجہ سے مطالعہ نہ کیا جا سکا۔ یہ اس لئے کیا گیا تاکہ تراجم و تفاسیر کی فہرست اپنی جگہ جامع اور مکمل ہو —— تیسری فہرست ان کتابوں کی ہے جو تفسیر اور ترجمے کے علاوہ مطالعہ میں آئیں۔ ۱۹۶۶ء میں مقالہ مکمل ہونے کے بعد پھر تحقیق کی گئی اور ۱۹۶۹ء تک کی معلومات پر مشتمل ایک وقیع ضمیمہ تیار کیا۔

☆ حضرت مسعود ملت نے ۱۹۹۳ء میں سندھ یونیورسٹی' حیدر آباد سندھ میں منعقدہ —— "آل پاکستان اسلامک اسٹڈیز کانفرنس" —— میں شرکت کی اور "بارھویں صدی ہجری کے اردو قرآنی تراجم" پر مقالہ پڑھا۔ یہ مقالہ بعد میں "انجمن اسلام اردو ریسرچ انسٹی ٹیوٹ بمبئی" کے سہ ماہی مجلّے "نوائے ادب" شمارہ ۱۹۹۳ء میں شائع ہوا۔

☆ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کی جس آروز کا اوپر ذکر کیا گیا اس کی تکمیل ۲۶ برس بعد ہوئی —— جو "آخری پیغام" کی صورت میں جلوہ گر ہوئی ——

حضرت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان نقشبندی مجددی دامت برکاتم العالیہ (مرشد آباد' پشاور) کی سرپرستی میں "مدینہ قرآن کمیٹی' لاہور" نے "عجائب القرآن" کے عنوان سے قرآن حکیم کا ایک ایسا نادر نسخہ تیار کروایا' جسے پاکستان کے بین الاقوامی شہرت یافتہ خطاط خورشید عالم گوہر رقم نے کتابت کیا۔ یہ قرآن حکیم آجکل فیصل مسجد' اسلام آباد میں زائرین کے لئے رکھا ہوا ہے —— اس سے متعلق چند اہم نکات درج ذیل ہیں۔

○ اس نسخہ میں سینکڑوں قرآنی رسم الخطوط استعمال کئے گئے جو گزشتہ چودہ صدیوں میں ایجاد ہوئے۔

○ اس کا طول تقریباً تین فٹ' عرض دو فٹ اور وزن ۴۰ من سے کچھ زیادہ ہے۔

○ اس عظیم خطی قرآن حکیم پر خواجہ محمد عبداللہ جان نقشبندی مجددی کی فرمائش پر حضرت مسعود ملت نے مبسوط مقدمہ قلم بند کیا۔

○ اس مقدمہ کی تدوین کا آغاز ربیع الاول ۱۴۰۴ھ / دسمبر ۱۹۸۳ء میں ٹھٹھہ' سندھ میں کیا گیا —— اور ربیع الاول ۱۴۰۵ھ / دسمبر ۱۹۸۴ء میں پایہ تکمیل کو پہنچا۔

○ اس مقدمہ کی تحریر کے لئے قرآن حکیم کا خصوصیت سے مطالعہ کیا گیا —— خود قرآن سے قرآن کے تعارف کے لئے آیات کو یکجا کیا گیا —— اس کے بعد کتب احادیث و تفاسیر اور دوسری بہت سی کتابوں سے مواد اکٹھا کیا گیا —— کوشش یہ کی گئی کہ قرآن حکیم کے تمام ضروری پہلو

Marfat.com

مقدمہ میں آجائیں۔

○ حضرت مسعود ملت اسی مقدمہ کے تعارف "حرف اول" میں رقم طراز ہیں:۔

"حضرت والد ماجد علیہ الرحمہ کی یہ دعا میری رفیق سفر رہی --- "مولیٰ تعالیٰ روح القدس سے تمہاری مدد فرمائے" --- اور پردہ غیب سے ایسی مدد ہوتی رہی جس کو دیکھ کر حیرت ہوتی تھی اور سجدہ شکر بجالاتا تھا --- ایک انسان جو کسی لائق نہیں اس کو اس لائق کر دینا کہ وہ قرآن جیسی عظیم کتاب پر مقدمہ لکھنے کی ہمت کرے، یہ اسی دعا کا ثمر شیریں ہے ---"

○ یہ مقدمہ خواجہ محمد عبداللہ جان نقشبندی اور سرہند پبلی کیشنز، کراچی کے تعاون سے ۱۴۰۶ھ / ۱۹۸۶ء میں "آخری پیغام" کے عنوان سے کتابی صورت میں شائع ہوا۔ جس کا ٹائٹل بین الاقوامی شہرت یافتہ اور صدارتی ایوارڈ یافتہ آرٹسٹ جناب اسلم کمال نے بنایا ہے --- یہ کتاب ہندوستان سے بھی شائع ہو چکی ہے---

○ پاکستان کے مشہور عالم علامہ منتخب الحق علیہ الرحمہ (سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ، کراچی یونیورسٹی، کراچی) نے اس کتاب کو قرآنیات پر بہترین کتاب قرار دیا ---

☆ کراچی یونیورسٹی، شعبۂ علومِ اسلامیہ سے پروفیسر مجیداللہ قادری (سیکرٹری جنرل، ادارہ تحقیقات امام احمد رضا، کراچی) نے امام احمد رضا بریلوی کے مشہور و معروف ترجمہ قرآن "کنزالایمان --- اور دوسرے معروف اردو تراجم قرآن کا تقابلی مطالعہ" پر حضرت مسعود ملت کی نگرانی میں مقالۂ ڈاکٹریٹ تیار کیا جو چار پانچ سال میں مکمل ہوا --- ۱۹۹۳ء میں اس پر پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری انہیں مل گئی ہے۔

☆ ۳۰ برس پہلے ایک مقالہ بعنوان ---

"قرآن حکیم اپنے آئینے میں"
لکھا جو مسودے کی صورت میں محفوظ ہے --- دس برس قبل دوسرا مقالہ بعنوان "خوبانِ جہاں" --- لکھا۔ جس میں قرآن کریم کی روشنی میں انبیاء علیہم السلام کی محبوبیت و اقربیت کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ مقالہ بھی مسودہ کی صورت میں محفوظ ہے۔

☆ قرآن حکیم میں قیامت کے بارے میں جو احوال و کوائف بیان کئے گئے۔ ان کو مربوط انداز میں کتابی صورت میں بعنوان "قیامت" مرتب کیا ہے۔ جس کو "انٹرنیشنل پبلی کیشنز، حیدر آباد، سندھ" نے شائع کر دیا ہے --- یہ کتاب ہندوستان سے بھی شائع ہوئی ہے۔

○ اس کے مطالعہ سے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی عینی شاہد آپ کو ہمراہ لئے ان تمام مناظر کی نشاندہی کر رہا ہے۔ جو اس کی نظر سے پہلے سے گزر چکے ہیں --- یہ انداز نگارش حضرت مسعود ملت کے کمال مطالعہ، جودت طبع اور دقت نظر پر دال ہے۔

○ پروفیسر ڈاکٹر عبدالواحد ہالی پوتہ (سابق چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل --- و سابق صدر علوم اسلامیہ، سندھ یونیورسٹی، حیدر آباد، سندھ) نے اس کتاب کو اپنے موضوع پر بہترین کتاب قرار دیا ہے۔

☆ قرآن حکیم کی روشنی میں مندرجہ ذیل مقالات قلم بند کئے گئے:۔

○ عیدوں کی عید
○ علم غیب
○ تعظیم و توقیر

یہ رسائل "مظہری پبلی کیشنز، کراچی" اور "دارالخیر، کراچی" نے شائع کر دیئے ہیں۔

☆ آجکل قرآن حکیم ہی حضرت مسعود ملت کا محور فکر ہے --- قرآنی آیات پر سال میں تقریباً ۲۰ تقریریں بھی ہوتی ہیں۔ جو آپ کیسٹوں میں محفوظ [illegible] رہی ہیں --- ایک اور منصوبہ سامنے ہے [illegible] کا عنوان ہے:۔

"قرآنی عقیدے"

Marfat.com

اس میں قرآنی آیات کی روشنی میں عقائد و افکار پر گفتگو کی جائے گی انشاء اللہ العزیز۔

آیئے آپ کو بتائیں کہ قرآنیات پر مسعود ملت نے کیا کیا چمن کھلائے ہیں:۔

مقالات:۔

۱۔ اردو میں قرآنی تراجم و تفاسیر ایک تاریخی جائزہ ۱۹۵۸ء
آغاز تحریر مقالہ ڈاکٹریٹ سندھ یونیورسٹی، حیدر آباد، سندھ ۱۹۶۱ء
مقالہ کی تکمیل ۱۹۷۰ء میں ہوئی۔

۲۔ بارہویں صدی ہجری میں قرآن پاک کے اردو تراجم و تفاسیر سہ ماہی نوائے ادب، بمبئی جولائی ۱۹۶۳ء

۳۔ پاک و ہند میں قرآن حکیم کا
پہلا ہندی ترجمہ اور تفسیر مجلہ لطیف (میرپور خاص، سندھ) ۱۹۶۴ء

۴۔ قرآن حکیم اپنے آئینے میں غیر مطبوعہ ۱۹۶۴ء

۵۔ رنگ عرفاں
☆ مجلہ فانوس میرپور خاص ۲۵ مئی ۱۹۶۹ء
☆ ماہنامہ ضیائے حرم، لاہور اکتوبر نومبر ۱۹۹۰ء
☆ ماہنامہ ضیائے حرم، لاہور فروری ۱۹۹۱ء

۶۔ علمائے پاک و ہند کی چند تفسیریں ماہنامہ سیارہ، لاہور مئی ۱۹۷۱ء

۷۔ قرآن حکیم مجلہ الکریم، ٹنڈو محمد خان، سندھ ۱۹۷۱ء

۸۔ اردو میں قرآنی تراجم و تفاسیر
☆ ماہنامہ فکر و نظر، اسلام آباد دسمبر ۱۹۷۴ء
☆ ماہنامہ فکر و نظر، اسلام آباد جنوری فروری ۱۹۷۵ء
☆ ماہنامہ الجامعہ، محمدی شریف، جھنگ اکتوبر نومبر ۱۹۷۷ء
☆ ماہنامہ الجامعہ، محمدی شریف، جھنگ دسمبر ۱۹۷۷ء

۹۔ عشق و محبت قرآن کی روشنی میں
☆ افق، کراچی ۱۱ دسمبر ۱۹۷۸ء
☆ افق، کراچی ۱۳ فروری ۱۹۸۳ء
☆ افق، کراچی ۸ جنوری ۱۹۸۴ء

۱۰۔ خوبان جہاں غیر مطبوعہ ۱۹۸۴ء

۱۱۔ قرآن حکیم اور شاہ عبدالطیف بھٹائی ☆ ماہنامہ الاشرف' کراچی اکتوبر ۱۹۸۳ء
☆ ماہنامہ الاشرف' کراچی جون ۱۹۸۸ء

۱۲۔ کنزالایمان پر پابندی کیوں؟ ماہنامہ ترجمان اہل سنت چاٹگام' (بنگلہ دیش) اکتوبر ۱۹۸۵ء

۱۳۔ علوم قرآن ماہنامہ نورالحبیب' بصیر پور (پنجاب) اپریل ۱۹۹۰ء

۱۴۔ آخری پیغام ماہنامہ فیض الرسول براؤں شریف (بھارت) جون تا اکتوبر ۱۹۹۰ء

۱۵۔ عرب و ہند کے تعلقات و تراجم ماہنامہ حجاز جدید' دہلی مارچ اپریل ۱۹۹۱ء

۱۶۔ شذرات برائے کنزالایمان واہ کینٹ (پنجاب) ۱۹۹۱ء

۱۷۔ عیدوں کی عید لاہور بمبئی' کراچی حیدر آباد دکن' فرانس' مارشیس ۱۹۹۱ء

۱۸۔ کنزالایمان کی ادبی جھلکیاں معارف رضا' کراچی ۱۹۹۲ء

۱۹۔ قرآن اور بارگاہ رسالت کے آداب ندائے اہلسنت' لاہور مارچ ۱۹۹۲ء

۲۰۔ قرآن کہاں کہاں پہنچا؟ ندائے اہلسنّت' لاہور مارچ ۱۹۹۳ء

۲۱۔ آداب رسالت ماہنامہ ماہ طیبہ' سیالکوٹ فروری ۱۹۹۴ء

تصنیفات:۔

۲۲۔ اردو میں قرآنی تراجم و تفاسیر ایک تاریخ جائزہ ۱۹۵۸ء

۲۳۔ آغاز تحریر مقالہ ڈاکٹریٹ سندھ یونیورسٹی' حیدر آباد سندھ ۱۹۶۱ء
مقالہ کی تکمیل ۱۹۷۰ء میں ہوئی

۲۴۔ آخری پیغام سرہند پبلی کیشنز' کراچی ۱۴۰۶ھ / ۱۹۸۶ء

۲۵۔ قیامت حیدر آباد' سندھ ۱۹۹۱ء

۲۶۔ علم غیب ★ مظہری پبلی کیشنز' کراچی دسمبر ۱۹۹۳ء
☆ بزم عاشقان مصطفیٰ' لاہور مارچ ۱۹۹۴ء
☆ مرکزی مجلس امام اعظم لاہور' مئی ۱۹۹۴ء

۲۷۔ تعظیم و توقیر ★ دارالخیر' کراچی دسمبر ۱۹۹۳ء
☆ بزم عاشقان مصطفیٰ لاہور مارچ ۱۹۹۴ء
☆ مرکزی مجلس امام اعظم لاہور جون ۱۹۹۴ء

Marfat.com

۲۸۔ قرآن حکیم اور قدیم و جدید تفاسیر و تراجم — زیر طبع

تبصرہ:۔

۲۹۔ مولانا افتخار احمد قادری — فضائل قرآنی مطبوعہ الہ آباد — ۱۹۸۱ء

مقدمات:۔

۳۰۔ خوشید عالم گوہر رقم — عجائب القرآن' — لاہور ۱۹۸۴ء

۳۱۔ مولانا محمد صدیق ہزاروی — کنزالایمان تفاسیر کی روشنی میں' — لاہور ۱۹۸۸ء

۳۲۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی — قرآن' سائنس اور امام احمد رضا' — چکوال ۱۹۹۰ء

۳۳۔ علامہ محمد رحیم بخش قمر — تفسیر خزائن الرحمٰن' نواب شاہ' سندھ ۱۹۹۱ء

۳۴۔ محمد عبدالستار طاہر۔ — کنزالایمان ارباب علم و دانش کی نظر میں

مطبوعہ بزمِ عاشقانِ مصطفیٰ — لاہور جنوری ۱۹۹۴ء

۳۵۔ سرتاج حسین رضوی ایڈووکیٹ — پنج سورہ' — بریلی شریف جنوری ۱۹۹۴ء

مکمل مسودات:۔

۳۶۔ قرآن حکیم اپنے آئینے میں

۳۷۔ خوبان جہاں

زیر تدوین:۔

۳۸۔ قرآنی عقیدے

زیر نگرانی لکھے گئے مقالات:۔

۳۹۔ کنزالایمان اور دیگر معروف اردو تراجم ۔۔۔ ایک تقابلی جائزہ

مقالہ ڈاکٹریٹ۔ پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری' کراچی ۱۹۸۸ء

۴۰۔ کنزالایمان اربابِ علم و دانش کی نظر میں

مطبوعہ ''بزم عاشقان مصطفیٰ''

محمد عبدالستار طاہر

لاہور جنوری ۱۹۹۴ء

Marfat.com

قرآنیات پر ایک مختصر مقالہ جو اہمیت سے خالی نہیں' یہاں پیش کیا جارہا ہے۔

پاک و ہند میں ——

قرآنِ حکیم کا پہلا ہندی ترجمہ اور تفسیر

ساتویں صدی عیسوی میں سندھ (پاکستان) پر عرب مسلمانوں کا تسلط ہو چکا تھا اور انہوں نے جہاں بانی اور جہاں آرائی کے ساتھ ساتھ مذہب اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا کام بھی شروع کر دیا تھا۔ تاریخی شواہد سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کے بسنے والوں نے بلکہ دور دراز علاقوں میں رہنے والوں نے بھی مذہب اسلام سے اپنی گہری دلچسپی کا اظہار کیا' ممکن ہے کہ یہ دلچسپی اس وجہ سے ہو کہ ہندوستان کے مذہبی صحائف میں بانیٔ اسلام اور اسلام سے متعلق پیش گوئیاں موجود تھیں۔ بہر کیف اسباب کچھ بھی ہوں یہ ایک حقیقت ہے کہ عربوں کے یہاں آنے کے بعد پاک و ہند کے باسیوں میں قرآن فہمی کا ذوق و شوق پیدا ہوا۔

برصغیر پاک و ہند میں غیر مسلموں میں قرآن حکیم کے اسرار و معارف کو متعارف کرانے کے لئے سب سے پہلے ایک عراقی الاصل سندھی عالم نے "الراء" کے راجہ کی فرمائش پر منصورہ (بھکر) سے کشمیر جاکر ۸۸۳ء / ۲۷۰ھ اور ۸۸۶ء / ۲۷۳ھ کے درمیان قرآن حکیم کا ہندی زبان میں ترجمہ کیا اور تفسیر لکھی۔ تاریخی حقائق سے کچھ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نزول قرآن کے زمانے میں ہندی زبان پاک و ہند کی معروف زبان تھی جو عوام و خواص میں یکساں مقبول تھی۔ عرب و ہند کے قدیم روابط کی وجہ سے ہندی الفاظ عربی زبان کا جز بن گئے تھے۔ چنانچہ علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ نے قرآن حکیم میں ایسے ہندی الفاظ کی نشاندہی کی ہے (۱) —— تیسری صدی ہجری میں جاحظ مصری نے ہندی زبان اور ہندی رسم الخط کا ذکر کیا ہے (۲) —— پانچویں صدی ہجری میں کالنجر کے راجہ نندا نے ہندی زبان میں ایک شاندار قصیدہ سلطان محمود غزنوی کی خدمت میں پیش کیا جو دربار میں پڑھا گیا۔ دربار کے ہندوستانی اور عربی و عجمی فضلاء نے قصیدہ کو خوب سراہا (۳) —— اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس زبان سے واقف تھے —— اسی صدی میں لاہور میں مسعود سعد سلمان نے ہندی زبان

Marfat.com

میں دیوان مرتب کیا(۲) ـــــ چھٹی صدی ہجری میں خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمتہ اللہ علیہ نے ہندی زبان میں گفتگو فرمائی(۱) ـــــ اور ساتویں صدی ہجری میں مخدوم علاؤالدین صابر کلیر علیہ الرحمہ نے اسی زبان میں شاعری کی(۲) ـــــ آٹھویں صدی ہجری میں حضرت امیر خسرو نے ہندی زبان کو فارسی سے بلند تر قرار دیا اور اپنے فارسی کلام میں ہندی الفاظ کی غالباً پہلی مرتبہ پیوند کاری کی(۲) ـــــ الغرض ہندی زبان سندھ کی کوئی مخصوص زبان نہ تھی بلکہ یہ پاک و ہند میں یکساں طور پر سمجھی جانے والی معروف زبان تھی۔

ایران و عرب کے سیاحوں نے سندھی زبان کا ہندی زبان سے الگ ذکر کیا ہے۔ بہر حال عرض یہ کرنا ہے کہ سندھ کے عراقی الاصل عالم نے پاک و ہند میں پہلی بار قرآن حکیم کا ترجمہ کیا اور تفسیر لکھی جو تین سال میں مکمل ہوئی۔ یہ زبان "ہندی" وہی زبان ہے جس نے آگے چل کر "اردو" کی ساز و پرداخت میں نمایاں حصہ لیا۔ جو یقیناً عوامی زبان تھی اور سندھ سے کشمیر کے دور دراز علاقوں تک بولی نہ جاتی ہو، سمجھی ضرور جاتی ہوگی۔

قرآن پاک کے اس "ہندی" ترجمے اور تفسیر کا ذکر ایک ایرانی ملاح بزرگ بن شہریار نے کیا ہے۔ یہ ملاح اپنے جہاز عراق کی بندرگاہ سے لے کر ہندوستان، چین اور جاپان کے سواحل تک جاتا تھا، اس نے اپنے ذاتی تجربات و مشاہدات اور اطلاعات و اخبار پر عربی میں ایک کتاب "عجائب الہند" لکھی تھی(۲) ـــــ اس کتاب میں بزرگ بن شہریار نے ترجمہ قرآن سے متعلق اہم روایت کو ایک عرب ملاح محمد حسن سے روایت کیا ہے۔ یہ عرب ملاح ترجمہ قرآن کے عظیم کارنامے کے تقریباً پندرہ برس بعد ۹۰۰ء / ۲۸۸ھ میں منصورہ (بھکر) آیا تھا، اس کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ سندھ سے لے کر کشمیر تک عوام و خواص کی زبان پر قرآن حکیم کے اس ہندی ترجمے اور تفسیر کا ذکر تھا، جو کچھ محمد حسن نے بزرگ بن شہریار سے بیان کیا تھا۔ اس کا ترجمہ یہ ہے:

> "میں (۲۸۸ھ / ۹۰۰ء) میں منصورہ (بھکر) میں تھا۔ وہاں مجھ سے مستند بزرگوں نے بیان کیا کہ الراء (ارور) کے راجہ نے جو ہندوستان

کا بڑا راجہ تھا (اور) جس کی حکومت کشمیر بالا اور کشمیر زیریں کے بیچ میں تھی اور جس کا نام مہوک بن رائق تھا' ۲۷۰ھ میں منصورہ کے بادشاہ عبداللہ کو لکھا کہ وہ اسلام کی شریعت کا کچھ حال زبان "ہندیہ" میں اس کو بتائے' تو عبداللہ نے منصورہ میں ایک عراقی کو بلایا جو بہت تیز طبع اور خوش فہم تھا اور شاعر تھا' (اور) جس نے ہندوستانیوں میں نشو و نما پائی تھی اور اہل ہند کی مختلف زبانوں سے واقف تھا۔ اس نے ایک قصیدہ لکھ کر راجہ کو بھیجا' راجہ نے اس کو بلا بھیجا اور اس کے حکم سے اس نے قرآن کا "ہندی" زبان میں ترجمہ کیا"۔(۱)

اس سندھی عالم کا بیان ہے کہ وہ راجہ کے پاس تین سال ۸۸۳ء / ۲۷۰ھ تا ۸۸۶ء / ۲۷۳ھ رہا اور اس عرصہ میں قرآن حکیم کا ہندی ترجمہ اور تفسیر مکمل کی۔ جب کشمیر سے یہ منصورہ واپس پہنچا ہے تو اس نے شاہ منصورہ عبداللہ بن عمر سے راجہ مذکور سے اپنی ملاقات اور دربار کا حال بیان کیا' اس نے کہا:۔

"راجہ نے مجھ سے "ہندی" زبان میں قرآن مجید کی تفسیر لکھنے کی فرمائش کی تھی۔ چنانچہ میں نے تفسیر لکھی اور جب سورہ یاسین کی تفسیر تک پہنچا اور اس کے سامنے ارشاد الٰہی:۔

قال من یحی العظام وھی رمیم ○ قل یحیھا الذی انشاء ھا اول مرۃ وھو بکل خلق علیم ○ (یٰس: ۷۸' ۷۹)

کی تفسیر بیان کر رہا تھا۔ اس وقت وہ موتیوں اور جواہرات سے مرصع سونے کے ایک ایسے بیش قیمت تخت پر بیٹھا ہوا تھا۔ جس کی قیمت کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا' اس نے کہا' اس کی تفسیر پھر سے بیان کرو۔ جب میں نے دوبارہ بیان کی وہ تخت سے اتر پڑا اور زمین پر چلنے لگا۔ حالانکہ زمین چھڑکاؤ کی وجہ سے تر تھی' مگر وہ اپنے رخسار زمین پر رکھ کر رونے لگا۔ یہاں تک کہ اس کا چہرہ گرد آلود ہوگیا' پھر اس نے مجھ سے کہا "یہی اصل پروردگار' معبود اور ازلی و ابدی ہے۔ اس کا کوئی ہمسر و مشابہ نہیں"۔

Marfat.com

اس اقتباس سے معلوم ہوتا ہے کہ سندھی عالم نے راجہ کی فرمائش پر قرآن حکیم کی ۲۳ ویں پارے تک توحتمی طور پر تفسیر لکھی تھی۔ اسی کے ساتھ ساتھ قرآن حکیم کے اس دعویٰ کی بھی تصدیق ہوتی ہے کہ جب ان غیر مسلموں کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے جو صحائف سماویہ کا علم رکھتے ہیں تو وہ قرآن سن کر سر بسجود ہو جاتے ہیں اور زارو قطار روتے ہیں۔(۲)

بون یونیورسٹی (جرمنی) کی فاضلہ ڈاکٹر شمل (schimmel) نے قرآن حکیم کے سندھی ترجموں اور تفسیروں پر ایک مقالہ قلم بند کیا تھا جو انہوں نے مجھ کو بھی بھیجا تھا۔ موصوفہ نے اپنے مقالے میں ایک فاش غلطی کی ہے' جہاں بزرگ بن شہریار کے مندرجہ بالا بیان کو نقل کیا ہے۔ وہاں لکھا ہے کہ "سندھی عالم نے سورۂ یاسین سے قرآن پاک کا ترجمہ شروع کیا"(۱) —— حالانکہ سورہ یاسین تک توحتمی طور پر تفسیر لکھی جا چکی تھی۔ اسی طرح انسائیکلو پیڈیا آف اسلام میں بھی اس ترجمہ کا ذکر ملتا ہے۔ مگر وہاں بھی مقالہ نگار نے دو غلطیاں کی ہیں۔ انہوں نے لکھا ہے کہ "شاہ منصورہ عبداللہ بن عمر نے سندھی عالم سے ترجمہ کرا کے بھیجا"۔ حالانکہ سندھی عالم نے خود کشمیر جاکر راجہ کے دربار میں تفسیر لکھی۔ مقالہ نگار نے یہ بھی لکھا ہے کہ "تفسیر اقلا" سورۂ یاسین تک مکمل ہو چکی تھی(۲) —— لیکن مترجم و مفسر کے بیان اور قرائن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ پورے قرآن پاک کی تفسیر لکھی گئی تھی۔ کیونکہ مترجم تین سال بعد جب اس مہم سے واپس آیا تو اس نے والئ منصورہ عبداللہ بن عمر کے سامنے جو بیان دیا اس میں ترجمہ و تفسیر مکمل کرنے کا ذکر ہے۔

بہرکیف قرآن حکیم کے "ہندی" زبان میں ترجمہ اور تفسیر کی یہ سعادت منصورہ کے سندھی عالم کے نصیب میں لکھی جا چکی تھی۔ یہ فخر سندھ ہی کو حاصل ہے کہ پاک و ہند میں ہندوستانی زبان میں اسلامی ادب کا آغاز یہیں سے ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ ہندوستانی' ہندی یا اردو زبان کی خدمت میں اس خطہ کا بڑا حصہ ہے۔ تقسیم ہند کے بعد تو اس علاقہ میں اردو کی اشاعت کا وہ باب کھلا ہے جو شاید صدیوں کی محنت و جانفشانی کے بعد بھی ممکن نہ تھا۔

حواشی

صفحہ نمبر ۲۳

(۱) الحمداللہ حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کی یہ آروز پوری ہوئی اور قرآن حکیم کی ایسی خدمت کا سلسلہ
بھی شروع ہوا جس میں
تبلیغی جھلک بدرجۂ اتم موجود ہے۔

صفحہ نمبر ۳۰

(۱) (الف) جلال الدین سیوطی: تفسیر در منثور، مطبوعہ مصر۔ ج ۳ ص ۳۳۵۔ ج ۴، ص ۵۹

(ب) جلال الدین سیوطی: تفسیر اتقان، مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۷۱

(۲) مسعود عالم ندوی: ہندوستان عربوں کی نظر میں، مطبوعہ اعظم گڑھ، ص ۴

(۳) سلیمان ندوی: نقوش سلیمانی، مطبوعہ کراچی ص ۲۵۶

(۴) شبلی نعمانی: مقالات شبلی، مطبوعہ اعظم گڑھ، ج ص، ۸۰

صفحہ نمبر ۳۱

(۱) شمس اللہ قادری: اردوئے قدیم، مطبوعہ لکھنؤ ص ۱۳

(۲) شمس اللہ قادری: اردوئے قدیم، مطبوعہ لکھنؤ ص ۱۸

(۳) ڈاکٹر محمد حسن: ہندی ادب کی تاریخ، مطبوعہ لکھنؤ، ص ۵۰

(۴) سید مسعود عالم ندوی: ہندوستان عربوں کی نظر میں، جلد اول، مطبوعہ اعظم گڑھ ۱۹۶۰ء ص ۶، ۱۹۵

صفحہ نمبر ۳۲

(۱) بزرگ بن شہریار: عجائب السند، مطبوعہ پیرس، ص ۲ ر ۳

(۱) بزرگ بن شہریار: عجائب السند مطبوعہ پیرس، ص ۳

صفحہ نمبر ۳۳

(1) Dr. A.M schimmel: Translation and commentaries of the Quran in Sindhi Language P-1

(۲) قرآن حکیم، سورہ   آیت نمبر

(۳) انسائیکلو پیڈیا آف اسلام: مطبوعہ لاہور، جلد ۴، کراسہ ۹، ص ۵۳۰

Marfat.com

اختصاص

سیرت پاک صلّی اللہ علیہ وسلّم

(ازل تا ابد)

۱۹۵۷ء تا جنوری ۱۹۹۳ء

Marfat.com

باسمہ تعالیٰ

جانِ دو عالم حضرت محمدؐ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

رونق کائنات، جان دو عالم حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تقریباً ۵۷۰ء میں اس عالم آب و گل میں تشریف لائے، اخلاص و محبت اور عدل و انصاف کا بول بالا ہوا اور ایک عظیم انقلاب برپا ہوا۔ ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ/ ۶۳۲ھ کو آپ نے پردہ فرمایا --- آپ کے دشمن بھی آپ کی عظمت کے معترف ہوئے --- تھامس کارلائل نے دنیا کے تمام پیغمبروں میں آپ ہی کو سب سے بڑا پیغمبر تسلیم کیا ہے --- مائیکل ایچ ہارٹ نے دنیا کے تمام عظیم انسانوں میں سب سے عظیم انسان آپ ہی کو تسلیم کیا ہے --- پروفیسر مارگولیوتھ نے لکھا ہے کہ آپ کے سیرت نگاروں میں شامل ہونا بھی بڑی سعادت ہے --- الحمدللہ یہ سعادت حضرت مسعود ملت الحاج پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ کو بھی نصیب ہوئی --- آپ نے ایک عاشق رسول مفتی اعظم حضرت شاہ محمد مظہراللہ علیہ الرحمہ شاہی امام مسجد فتح پوری، دہلی کی آغوش میں تربیت پائی --- بچپن ہی سے جمعۃ المبارک کی ہفتہ وار محفلوں میں شریک ہوتے، اعلیٰ حضرت بریلوی کی نعتیں اور حضرت مفتی اعظم کے ارشادات سنتے --- ۱۲ ربیع الاول کی شب و صبح محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم شایان شان طریقہ سے منائی جاتی --- آپ کے گھر یہی عید، عیدوں کی عید ہوتی --- حضرت مسعود ملت نے عشق کی فضاؤں میں آنکھ کھولی، ادب کے ماحول میں پرورش پائی، لوحِ دل پر عشق مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نقش بیٹھتا چلا گیا --- جب قلم رواں ہوا تو پہلے مضمون کا عنوان تھا "نقطۂ کمال" ---

میں نے جب لکھنا سیکھا تھا
سب سے پہلے تیرا نام لکھا تھا

سیرت مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ پہلا مضمون تھا جو اپریل ۱۹۵۷ء میں لاہور سے "معمار حرم" کی زینت بنا۔ پھر جو سلسلہ چلا تو اب تک قائم ہے، بلکہ اب تو قلم کی جولانگاہ سیرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہے --- ۱۹۹۱ء میں زیارت

Marfat.com

حرمین شریفین کے موقع پر مدینہ منورہ میں قیام کے دوران اللہ نے جو عزت دی وہ دربار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں مقبولیت کی دلیل ہے۔ ۱۹۹۲ء میں عید میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مختصر اور جامع دو ورقہ کتابچہ "عیدوں کی عید" لکھا۔ یہ اتنا مقبول ہوا کہ ساری دنیا میں اس کی پذیرائی ہوئی۔ اردو، انگریزی، فرانسیسی، ڈچ، ہندی، سندھی وغیرہ میں ایک سال کے اندر اندر اس کی ایک لاکھ کاپیاں شائع ہوئیں اور برابر شائع ہو رہی ہیں --- دربار الٰہی میں ان کی مقبولیت کا اندازہ اس خواب سے ہوتا ہے جو ۲۱ر ستمبر ۱۹۹۰ء کو مفتی اعظم دہلی علامہ محمد مکرم احمد صاحب نے دیکھا تھا۔ آپ بھی سماعت فرمائیں۔

"احقر نے کل شب بوقت صبح ایک بہت نفیس اور عمدہ خواب دیکھا۔ آپ ایک نہایت مرصع اور شاندار تخت پر تشریف فرما ہیں۔ وہ تخت ہیرے جواہرات سے بنا ہوا ہے۔ اس کی آب و تاب سے نگاہیں چکاچوند ہو رہی ہیں۔ لیکن دیکھنے میں اتنا خوبصورت ہے کہ نگاہ اس پر سے ہٹ نہیں رہی تخت بہت قیمتی ہے اور اونچا بھی کافی ہے۔ تقریباً ۸، ۱۰ فٹ اونچا تو ضرور ہوگا۔ اس میں خوبی یہ ہے جب کوئی اس کے قریب آپ سے ملاقات کے لئے اور سلام عرض کرنے جاتا ہے تو وہ خود بخود آپ کے قریب قریب متوازی ہوجاتا ہے۔ یہ فرق ہی محسوس نہیں ہوتا کہ آپ اتنے اونچے تخت پر تشریف فرما ہیں۔ آپ کا چہرۂ مبارک حضرت قبلہ استاذی و مرشدی جدامجد علیہ الرحمہ سے مشابہ ہے۔ آپ کے سر پر ایک شاندار تاج ہے کلاہ کی طرح کا، جس میں شاندار بیش قیمت اور انمول ہیرے جواہرات لگے ہوئے ہیں۔ اس تاج کی بلندی تا حد نظر ہے۔ آسمان کی طرف اس کی اونچائی کا اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن اس کا کوئی وزن یا ثقل ایسا نہیں ہے جس کے آثار آپ کے چہرۂ انور پر ظاہر ہوں ۔ آپ کی چشم ہائے پر رونق سے نور کے فوارے ابل رہے ہیں۔ انسانوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر فیض یاب ہونے کے لئے آرہا ہے۔ اس محل میں بہت سے وسیع و

عریض کمرے ہیں اور ہر اک کے پاس جم غفیر ہے جو فیض یاب ہو رہا ہے اور احقر بہت خوش ہے ۔۔۔ ابھی یہ خواب چل ہی رہا تھا کہ آنکھ کھل گئی اور صبح کا وقت بھی ہو گیا"۔

(مکتوب محررہ ۲۰۔۱۰۔۱۹۹۰ء بنام حضرت مسعود ملت)

اب ہم حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی سیرت مبارکہ، فضائل و کمالات پر الحاج پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی نگارشات کی تفصیلی فہرست پیش کرتے ہیں:۔۔۔

(ا) مضامین:۔

۱۔ نقطہ کمال	ماہنامہ معمار حرم، لاہور	اپریل ۱۹۵۷ء
	☆ماہنامہ ضیائے حرم، لاہور	اپریل ۱۹۹۴ء
۲۔ اسلام اغیار کی نظر میں	☆الاسلام، دہلی	اکتوبر ۱۹۶۱ء
	☆الفرقان، لکھنؤ	ستمبر ۱۹۶۱ء تا اپریل ۱۹۶۲ء
	☆ایشیا، لاہور	نومبر ۱۹۶۱ء
۳۔ آداب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم	ماہنامہ سلسبیل، لاہور	نومبر ۱۹۶۷ء
۴۔ وابستگان دامن رسالت سے اقبال کی عقیدت	ماہنامہ ترجمان اہل سنت، کراچی	مئی ۱۹۷۲ء
۵۔ Hazrat Muhammad صلی اللہ علیہ وسلم	الکریم، ٹنڈو محمد خان	۱۹۷۴ء
۶۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کی نعتیہ شاعری	الجاہد، کانپور (بھارت)	۲۸ مارچ ۱۹۷۵ء
۷۔ نظام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم	☆ماہنامہ ترجمان اہل سنت، کراچی	۷ مارچ ۱۹۷۶ء
	☆انجمن، آزاد کشمیر	۱۹۷۸ء
	☆ماہنامہ الفرید، ساہیوال	اکتوبر نومبر ۱۹۷۸ء
۸۔ عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم	ماہنامہ نور الحبیب، بصیرپور	جولائی ۱۹۷۸ء
۹۔ عشق و محبت قرآن کی روشنی میں	ہفت روزہ افق، کراچی	۱۱ دسمبر ۱۹۷۸ء
۱۰۔ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم	ہفت روزہ افق، کراچی	۲۹ جنوری ۱۹۸۰ء
۱۱۔ محبت کی نشانی	ہفت روزہ الہام، بہاولپور	۷ مارچ ۱۹۸۱ء

Marfat.com

۱۲۔ نورانی ادائیں	ماہنامہ استقامت، کانپور	ستمبر ۱۹۸۶ء
۱۳۔ جشن بہاراں	☆ماہنامہ اشرفیہ، مبارکپور	دسمبر ۱۹۸۸ء
	☆ماہنامہ سنی دنیا، بریلی شریف	مئی تا جولائی ۱۹۸۹ء
	☆ماہنامہ فیض الرسول، براؤں شریف	اگست ستمبر ۱۹۹۱ء
	☆ماہنامہ نور الحبیب، بصیر پور	ستمبر ۱۹۹۱ء
۱۴۔ جان ایمان	☆ماہنامہ قاری، دہلی	اکتوبر ۱۹۸۹ء
	☆ماہنامہ اعلیٰ حضرت، بریلی شریف	مارچ تا اگست ۱۹۹۱ء
۱۵۔ محبت اتباع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	ماہنامہ قاری، دہلی	جنوری ۱۹۹۱ء
۱۶۔ تحدیث نعمت	ماہنامہ ضیائے حرم، لاہور	اکتوبر نومبر ۱۹۹۱ء
۱۷۔ جان جاناں	☆ہفت روزہ ہلال، راولپنڈی (سیرۃ النبی نمبر)	دسمبر ۱۹۸۹ء
	☆ساحل، کراچی	ستمبر ۱۹۹۳ء
۱۸۔ مہتاب رسالت	ماہنامہ فیض الرسول، براؤں شریف (بھارت)	دسمبر ۱۹۸۹ء
۱۹۔ سرکار کا جشن ولادت	ہفت روزہ ہلال، راولپنڈی (عید میلاد النبی نمبر)	اکتوبر ۱۹۹۰ء
۲۰۔ عشق ہی عشق	ماہنامہ سنی دنیا، بریلی شریف	فروری مارچ ۱۹۹۱ء
۲۱۔ ظہور محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم)	ماہنامہ حجاز جدید، نئی دہلی	مارچ اپریل ۱۹۹۱ء
۲۲۔ آنے والا آگیا	ماہنامہ اشرفیہ مبارکپور	اگست ستمبر ۱۹۹۱ء
۲۳۔ رحمۃ للعالمین	ماہنامہ ساحل، کراچی	ستمبر ۱۹۹۱ء
۲۴۔ یادگاری	ماہنامہ نوائے انجمن، لاہور	جنوری فروری ۱۹۹۲ء
۲۵۔ انقلابی دین	☆ماہنامہ استقامت، محمد عربی نمبر، کانپور	مئی ۱۹۸۵ء
	☆ماہنامہ نور مصطفیٰ، پٹنہ	فروری ۱۹۹۲ء
	☆ماہنامہ ضیائے حرم، لاہور	اکتوبر ۱۹۹۳ء
۲۶۔ قرآن اور بارگاہ رسالت کے آداب		پندرہ روزہ ندائے اہلسنت، لاہور
۲۷۔ انسانیت کا یوم عید	پندرہ روزہ ندائے اہل سنت، لاہور	ستمبر ۱۹۹۲ء
۲۸۔ ناموس مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم	ماہنامہ القول السدید، لاہور	ستمبر ۱۹۹۲ء
۲۹۔ اداریہ	ماہنامہ جہان رضا، لاہور	۱۹۹۲ء

Marfat.com

۳۰۔ جس کا انتظار تھا — نوائے انجمن' لاہور — اگست ستمبر ۱۹۹۲ء

(۲) مقالات:۔

۳۱۔ اسلامی رواداری — ماہنامہ لطیف (میرپور خاص) — سالنامہ ۱۹۵۹ء

۳۲۔ حضور اکرم بحیثیت دہندۂ نظام معیشت (برائے سیرت کانفرنس وزارت مذہبی امور حکومت پاکستان' اسلام آباد) — دسمبر ۱۹۸۳ء

۳۳۔ آداب خورد و نوش --- حلال و حرام (خطبہ برائے وزارت مذہبی امور حکومت پاکستان' اسلام آباد) — فروری ۱۹۸۳ء

۳۴۔ عشق و محبت کا مفہوم قرآن کی روشنی میں ☆ہفت روزہ افق کراچی ۱۳ر فروری ۱۹۸۳ء

☆ہفت روزہ افق' کراچی ۸ تا ۱۵ر جنوری ۱۹۸۴ء

۳۵۔ محمد عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) سے محبت دین حق کی شرط اول ہے

☆ماہنامہ استقامت' محمد عربی نمبر' کانپور — مئی ۱۹۸۵ء

☆ماہنامہ ضیائے حرم' لاہور — ستمبر ۱۹۹۳ء

۳۶۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اور نظام معیشت' اسریٰ - حیدر آباد سندھ — اکتوبر ۱۹۸۵ء

۳۷۔ دعائے خلیل --- تحقیقی مقالہ برائے بین الاقوامی سیرت کانفرنس' اسلام آباد — نومبر ۱۹۸۶ء

۳۸۔ حیات طیبہ قبل بعثت تا بعثت --- یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی زندگی مشمولہ "سیرت طیبہ" برائے نصاب بی اے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی' اسلام آباد — ۱۹۸۶ء

۳۹۔ صورت و سیرت حضور کی ☆ماہنامہ ضیائے حرم' لاہور — جون ۱۹۸۷ء

☆ماہنامہ نور الحبیب بصیرپور (میلاد مصطفیٰ نمبر) — اکتوبر ۱۹۸۷ء

۴۰۔ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم برائے میلاد مصطفیٰ آرگنائزنگ کمیٹی' کراچی — ستمبر ۱۹۹۰ء

۴۱۔ عیدوں کی عید

☆مظہری پبلی کیشنز' کراچی — ۱۹۹۳ء

☆ادارہ معارف نعمانیہ' لاہور — ۱۹۹۳ء

☆بزم رضویہ' داتا نگر' لاہور — ۱۹۹۳ء

☆ماہنامہ نور اسلام' شرقپور — اکتوبر ۱۹۹۳ء

☆ادارہ معارف نعمانیہ' لاہور — اگست ۱۹۹۳ء

Marfat.com

	☆انٹرنیشنل رضا اکیڈمی' صادق آباد	اگست ۱۹۹۳ء
	☆انجمن نوجوانان اہل سنت' رحیم یار خان	۱۹۹۳ء
	☆تنظیم الجویریہ' لاہور	۱۹۹۳ء
	☆انجمن نوجوانان اہل سنت' حیدر آباد	۱۹۹۳ء
	☆ادارہ معارف رضا' جہلم	۱۹۹۳ء
